آیاتِ رزق

(کشادگیِ رزق ۔ حصولِ ملازمت ۔ کاروبار میں ترقی)

ملک التحریر علامہ محمد یحییٰ انصاری اشرفی

شیخ الاسلام اکیڈمی حیدرآباد

مکتبہ انوار المصطفیٰ 23-2-75/6 مغلپورہ۔حیدرآباد

Rs. 8

آیاتِ رزق

﴿وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ﴾ (آل عمران/ ۲۷)

اور تو (اللہ) جسے چاہے بے حساب رزق (روزی) دیتا ہے۔

نماز فجر کے بعد اس آیت کو ۵۰۰ مرتبہ پڑھیں' اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرودشریف **اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَارْزُقْنِیْ مِنْ فَضْلِكَ وَاَعْطِنِیْ فِیْمَا تَرْزُقُنِیَ الْعَافِیَةَ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ** پڑھیں اور اپنی روزی کی تنگی کو دفع کرنے کی دُعا کریں' رزق میں اضافے اور خیر و برکت کے لئے بیحد مؤثر ہے۔ رزق اور روزی میں اضافہ کے لئے کثرت سے توبہ واستغفار کریں'

لاحول ولا قوة الا بالله العلی العظیم کثرت سے پڑھو۔ گناہ روزی کو تنگ کر دیتے ہیں لہذا گناہوں سے خود کو محفوظ رکھنا چاہیے۔ گھر میں پھٹے ہوئے دسترخوان' ٹوٹے ہوئے شیشے' غلط قسم کی فحش تصاویر وغیرہ نہ رکھیں' رات کو گھر میں جھاڑو دینے سے اجتناب کریں' رات کو

بناؤ سنگھار اور آئینہ دیکھنے سے پرہیز کریں' دانتوں سے ناخن توڑنا' کپڑے میلے رکھنا' زیر ناف کے بالوں کو صاف نہ کرنا' بغیر پانی پیشاب کرنا' عصر کے بعد اور صبح کو دیر تک سونا وغیرہ یہ چند باتیں ہیں جن کو ملحوظ رکھنا چاہیے......تب ہی دُعائیں قبول ہوتی ہیں۔

﴿اِنَّ اللّٰهَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ﴾ (آل عمران/ ۳۷)

بیشک اللہ جسے چاہے بے حساب رزق دیتا ہے۔

یہ دُعا اضافہ رزق کے لئے بہت اکسیر ہے غربت' تنگی رزق' کاروبار کا نہ ہونا' ملازمت کا نہ ملنا' دُکان کا حسبِ منشاء نہ چلنا' ادائیگی قرض کی پریشانی' مال نہ ہونے کی وجہ سے اولاد کی شادی کا مسئلہ غرضکہ رزق کے متعلقہ جتنے بھی مسائل ہوں نمازِ اشراق کے بعد اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں' اوّل وَ آخر سات سات مرتبہ دُرودشریف پڑھیں اور رزق میں کشادگی کے لئے دُعا کریں' اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مسائل حل ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ رزق میں اضافہ فرما دے گا اور اس کی روزی میں برکت پیدا ہوگی۔

﴿اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ﴾ (حج/ ۵۸)

بیشک اللہ سب دینے والوں سے بہترین رزق دینے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی ضمانتِ رزق سب سے اعلیٰ ہے کہ وہ بے حساب بغیر ملال ہمیشہ دیتا ہے۔نمازِ ظہر کے بعد اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں' اول و آخر تین تین مرتبہ دُرودشریف پڑھیں۔

﴿وَاللّٰهُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ﴾ (البقرہ/۲۱۲ ۔ نور/ ۳۸) اور اللہ جسے چاہے بے حساب رزق (روزی) دیتا ہے۔

دُنیا میں مال کی زیادتی محبوبیت کی علامت نہیں۔ بہت دفعہ کافر مالدار ہو جاتے ہیں اور مومن غریب رہتے ہیں۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کربلا میں پیاسے شہید ہو گئے' یزیدیوں کی بظاہر فتح ہوئی۔ محبوبیت کی علامت توفیقِ خیر ہے۔ نمازِ عصر کے بعد اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں' اول و آخر تین تین مرتبہ دُرودشریف پڑھیں۔

﴿وَهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ﴾ (مومنون/۷۲)

اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

نمازِ عصر کے بعد اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں' اول وآخر تین تین مرتبہ دُرود شریف پڑھیں۔

﴿اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ﴾ (العنکبوت/۶۲)
اللہ تعالیٰ کشادہ کرتا ہے رزق کو جس کے لئے چاہتا ہے اپنے بندوں سے۔

نمازِ مغرب کے بعد اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں' اول وآخر تین تین مرتبہ دُرود شریف پڑھیں۔

﴿اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِىُّ الْعَزِيْزُ ﴾
(شوریٰ/۱۹) اللہ اپنے بندوں پر نہایت نرمی فرمانے والا ہے جسے چاہے رزق دیتا ہے اور وہی بڑی قوت والا بڑی عزت والا ہے۔

نمازِ اوّابین کی نفلوں سے فارغ ہونے کے بعد اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں' اول وآخر تین تین مرتبہ دُرود شریف پڑھیں اور اپنی روزی کی تنگی کو دفع کرنے کی دُعا کریں۔

برائے کشائش رزق ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھیں **يَـا لَطِيْفُ اُلْطُفْ بِلُطْفِكَ يَاحَلِيْمُ يَاكَرِيْمُ يَاغَفُوْرُ**

﴿اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ ﴾ (ذاریات/۵۸)
بیشک اللہ ہی بڑا رزق دینے والا' قوت دینے والا' قدرت والا ہے۔

اللہ تعالیٰ سب کو روزی دیتا ہے خیال رہے کہ روزی عامہ تو عام مخلوق کو دیتا ہے جیسے سورج کی روشنی' ہوا' زمین کا فرش' آسمان کا سایہ اور روزی خاصہ مخصوص بندوں کو دیتا ہے جیسے ایمان' عرفان' ولایت' ہدایت' نبوت ......وغیرہ۔ اگر روزی بندے کے کسب پر موقوف ہوتی تو ماں کے پیٹ میں بچہ کو روزی نہ ملتی۔ نمازِ عشاء کے بعد اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں' اوّل وآخر تین تین مرتبہ دُرود شریف پڑھیں۔

﴿وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَايَحْتَسِبُ ﴾ (طلاق/۳) اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اُس کے لئے نجات کی راہ پیدا کردے گا اور اُس کو روزی دے گا جہاں سے اُس کا گمان بھی نہ ہو۔

حضرت عوف ابن مالک رضی اللہ عنہ کے فرزند حضرت سالم ابن عوف رضی اللہ عنہ کو مشرکین قید کر کے لے گئے' حضرت عوف رضی اللہ عنہ

نے بارگاہِ نبوی میں اپنے فقر وفاقہ اور بیٹے کی گرفتاری کی شکایت کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تقویٰ اختیار کرو اور **لاحول ولا قوۃ الا بالله العلی العظیم** کثرت سے پڑھو۔ انھوں نے ایسا ہی کیا' چند روز بعد ہی بیٹے نے دروازہ کھٹکھٹایا' دروازہ کھولا تو دیکھا بیٹا آ گیا اور سو اونٹ ہمراہ لایا' کفار غافل ہوگئے تھے یہ اُن کا اتنا عظیم مال بھی ساتھ لیتا آیا (رُوح البیان) خزائن العرفان نے فرمایا کہ چار ہزار بکریاں لایا تھا۔ حضرت عوف رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ کیا یہ مال مجھے حلال ہے؟ فرمایا ہاں کفار حربی کا مال ہے اس پر یہ آیت کریمہ اُتری۔ معلوم ہوا کہ تقویٰ سے غموں سے نجات اور غیبی روزی اور روزی میں برکت ملتی ہے۔ اس آیت کے وِرد وَعمل سے دستِ غیب نصیب ہوتا ہے۔

نمازِ تہجد کے بعد اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں' اول وآخر تین تین مرتبہ دُرود شریف پڑھیں' اگر نمازِ تہجد کے وقت آنکھ نہ کھلنے کا اندیشہ ہو تو اس عمل کو وتروں کے بعد دو نفلیں پڑھنے کے بعد کرلیں۔

ان تمام آیات کو نمازِ جمعہ کے بعد اگر چالیس چالیس مرتبہ پڑھ لیا جائے تو رزق کی فراوانی ہو اور کاروبار میں زبردست خیر وبرکت ہو۔

اسمائے حسنٰی کا مُجرب وظیفہ

﴿ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا﴾ اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں بہت اچھے نام' تو اس کو اُن ناموں سے پکارو۔ اسمائے حسنٰی کا وِرد کرنا حصول برکت' رزق میں وسعت' جسمانی وروحانی صحت اور دین وایمان کی سلامتی کیلئے بہترین مجرب وظیفہ ہے۔ نماز فجر کے بعد تلاوت کلام پاک سے فارغ ہوکر ایک مرتبہ خود پڑھیں یا کسی سے پڑھوا کر سُن لیجئے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْحَلِيْمُ

اَلْعَظِيْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ الْحَسِيْبُ الْجَلِيْلُ الْكَرِيْمُ الرَّقِيْبُ الْمُجِيْبُ الْوَاسِعُ الْحَكِيْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِيْدُ الْبَاعِثُ الشَّهِيْدُ الْحَقُّ الْوَكِيْلُ الْقَوِيُّ الْمَتِيْنُ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ الْمُحْصِي الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ الْمُحْيِ الْمُمِيْتُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِي الْمُتَعَالِ الْبِرُّ التَّوَّابُ الْمُنْعِمُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّءُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ الرَّبُّ الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِيُّ الْمُغْنِي الْمَانِعُ الضَّآرُّ النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِي الْبَدِيْعُ الْبَاقِي الْوَارِثُ الرَّشِيْدُ الصَّبُوْرُ

حصولِ رزق کی دُعا :

'**اَللّٰهُمَّ اَغْفِرْلِیْ ' وَارْ حَمْنِیْ ' وَاهْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ**' اے اللہ! مجھے بخش دے مجھ پر رحم فرما' مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق عطا فرما۔ (مسلم)

رزق کی تنگی کا حل :

نماز جمعہ کے بعد جو شخص '**یا غَفَّارُ**' ایک سو مرتبہ پڑھے تو مقبولوں میں شامل ہوگا' تنگی ختم ہوگی' بے حساب رزق ملے گا۔ اگر یہ اسم **یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ** کے ساتھ پڑھا جائے تو مزید فوائد حاصل ہوں گے۔

اضافہ مال وَ دولت کا وظیفہ :

مال وَ دولت میں اضافہ کے لئے **یا وَهّابُ یا رزاق** کا وظیفہ بہت مؤثر ہے۔ اس لئے اضافہ رزق کے خواہش مند شخص کو چاہیے کہ شام کی نماز کے بعد نوافل اوابین پڑھے' اس کے بعد دو رکعت نفل اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے پڑھے۔ ان نوافل کی ہر رکعت میں الحمد شریف اور سورت پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے۔ نوافل کے بعد سر سجدے میں رکھ کر ۱۱۱ مرتبہ پھر یہی وظیفہ پڑھے۔ اس کے بعد سجدے ہی میں اضافہ رزق کی دُعا کرے۔ ان شاء اللہ بے پناہ مال وَ دولت میں اضافہ ہوگا اور یہ عمل ایک سال تک جاری رکھے۔

کشادگی رزق کا مجرب عمل :

جو شخص روزانہ **یَا بَاسِطُ** صبح کے وقت ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ اللہ تعالیٰ اُس کے رزق کو کشادہ کر دیتا ہے۔ وہ شخص کسی کا محتاج نہیں ہوتا اور نہ ہی اُسے کوئی شدید پریشانی لاحق ہوتی ہے۔ اس عمل سے اللہ تعالیٰ راضی ہوکر پڑھنے والے کے لئے اپنی نعمت اور رزق کو کشادہ کر دیتا ہے۔ اس کے متعلق امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ جو کوئی صبح کی نماز سے پہلے دس مرتبہ **یَا بَاسِطُ** پڑھے اور اس کے بعد اپنے چہرے پر ہاتھ پھیر لے اور ہمیشہ ایسا ہی کرتا رہے اُسے مخلوق سے کبھی سوال کرنے کی ضرورت دَرپیش نہ ہوگی۔ کشائشِ رزق کے لئے **یَابَاسِطُ اُبْسِطُ فِیْ رِزْقِیْ** بھی کثرت سے پڑھیں۔

حضور سیدنا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی روزانہ (۷۰۰) مرتبہ یا (۱۰۰) مرتبہ صبح اور (۱۰۰) مرتبہ شام بلا ناغہ **یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ** پڑھے ان شآء اللہ رزق میں برکت ہوگی۔

اضافہ رزق کا مجرب عمل :

'**یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسِطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ**' (اے کشادہ کرنے والے۔ رزق کو کشادہ کر دے جتنا تو چاہے بغیر حساب کے۔ اضافہ رزق کے لئے یہ وظیفہ بہت مؤثر ہے اس سے بہت جلد مسئلہ حل ہوتا ہے۔ اضافہ رزق کے لئے اس وظیفہ کو رمضان المبارک کے دوران دن یا رات کے کسی حصے میں ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھنا بہت بہتر ہے ان شآء اللہ اگر اللہ تعالیٰ راضی ہوگیا تو غیب سے دولت کے خزانے کھول دیگا اور کسی چیز کی کمی نہ رہے گی۔

اضافہ رِزق اور عزت :

جو شخص کھانا کھاتے وقت شروع میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** پڑھے اور ہر لقمہ کھاتے وقت **یَاشَکُوْرُ** پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوگا۔ اس کے رزق میں اضافہ ہوگا' عزت بڑھے گی اور اسے کبھی مالی تنگی نہ ہوگی۔ اگر کوئی **یاشکور** تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے تو

اُسے دِین وُدُنیا میں بے پناہ عزت اور دولت حاصل ہوگی۔

تنگ دستی اور افلاس کا خاتمہ :

اگر کوئی شخص تنگ دست اور مفلوک الحال رہتا ہوتو اُسے چاہیے کہ یقین محکم کے ساتھ نماز فجر پڑھے اور ایک گھنٹہ تک **یـا کـریم** کا وِرد کرے اور پھر عشاء کی نماز کے بعد اس کا وِرد کرے ان شآء اللہ اُس کے رزق کے دروازے کھل جائیں گے اور وہ ہر طرح سے مالا مال ہو جائے گا اور دُنیا کی حسد بھری نظروں سے محفوظ رہے گا۔

اضافہ رزق کا مجرب وظیفہ :

اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعُ الرَّزَّاقُ بیشک اللہ تعالیٰ رزق میں وسعت دینے والا ہے۔ یہ وظیفہ اضافہ رزق کے لئے بہت مجرب ہے جس شخص نے بھی اسے پڑھنے کا معمول بنایا اللہ تعالیٰ نے اُس کے رزق میں اضافہ کر دیا' اس لئے اکثر کاملین اور عاملین نے اس کے بارے میں فرمایا ہے کہ اسے ہمیشہ پڑھنے والا کبھی تنگی رزق کا شکار نہ ہوگا۔ ۴۰ دن تک روزانہ ۳۱۲۵

مرتبہ پڑھنے سے روزی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے لہذا ایسا شخص جس کا کوئی ذریعہ معاش نہ ہوا گر وہ اسے پڑھے تو ان شآ اللہ اس کا ذریعہ روزگار بہت جلد بن جائے گا

وسعت رزق کا عمل :

امام بونی کا قول ہے کہ **یـــا وَکِیْـلُ** کثرت سے پڑھنے والے کے اسباب رزق میں اللہ تعالیٰ اضافہ فرما دیتا ہے جس شخص کا نام محمد سے شروع ہوتا ہے اس کے لئے **یَـا وَکِیْلُ** کا ذکر بہت مفید رہتا ہے۔ ایک نیک انسان کا قول ہے کہ اگر کوئی **یَـا وَکِیْلُ یَا کَفِیْلُ** پڑھے تو اس کے اثرات قوی ہو جائیں گے۔ جو شخص اس اسم کو کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُس پر رزق اور بھلائی کے دَروازے کھول دے گا۔

رزق کی کشادگی کے لئے ہے اور اگر آندھی طوفان میں کوئی پھنس جائے تو بکثرت اس کا ورد کرے ساتھ ہی **حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ** بھی پڑھے۔

اضافہ رزق :

'یـا واجد' اس وظیفہ میں اضافہ رزق کے اثرات زیادہ ہیں اس لئے جو شخص تنگی رزق سے دو چار رہتا ہو' اسے چاہیے کہ اسے روزانہ ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھنا شروع کر دے اور ایک سال تک مسلسل اسے پڑھتا رہے ان شآء اللہ اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے گا۔ جو شخص رات کے اندھیرے میں کسی خلوت کی جگہ پر اس نام کو ۱۰۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھے تو اسے غیب سے رزق ملنے کے اسباب پیدا ہوں گے۔

غربت دُور کرنے کا عمل :

'یـاغنی' ایسا نیک اور صالح شخص جو تنگ دستی اور غربت کا شکار ہو جس کے ذرائع آمدن کم ہوں اور اخراجات پورے نہ ہوتے ہوں تو وہ **'یاغنی'** ایک سال تک گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے ان شآء اللہ اس کی غربت دور ہو جائے گی۔ ذرائع آمدن بڑھ جائیں گے اور خوشحالی کا دور دورہ ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اُس کے رزق میں حسب ضرورت

کشادگی کر دے گا۔ **اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاکَرِیْمُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ**

ضرورت کے مطابق رزق ملے :

ہر شخص کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے ضرورت کے مطابق آسانی سے رزق مل جائے۔ اس کے لئے دس جمعوں تک صبح کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ **یـا مغـنی** کو پڑھیں اور اللہ سے آسانی سے رزق ملنے کی دُعا کریں ان شآء اللہ' اللہ تعالیٰ اپنے خزانے سے اُسے روزی دینے لگے گا اور اس کے رزق میں فراخی ہو جائے گی اور وہ ہمیشہ کے لئے خلقت کی محتاجی سے محفوظ رہے گا۔

اللہ تعالیٰ ہمارے اعمال' اخلاص اور عبادات کو قبولیت عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

وَاٰخِرُ دَعْوٰنا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن

وَصَل اللّٰہ تَعَالیٰ علیٰ خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْن